28th ASEAN Regional Forum Ministerial Meeting

August 06, 2021

28ویں آسیان علاقائی فورم کے وزارتی اجلاس کا انعقاد

06 اگست، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ ڈاکٹر راج کمار رنجن سنگھ نے ہندوستان کے وفد کی 28 ویں آسیان علاقائی فورم (اے آر ایف) کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں قیادت کی جسے ورچوئل طریقے سے 06 اگست 2021 کو منعقد کیا گیا۔

یہ اجلاس برونائی دار السلام کی صدارت میں منعقد ہوا۔ آسیان علاقائی فورم کے رکن ممالک نے بین الاقوامی اور علاقائی امور کے ساتھ ساتھ آسیان علاقائی فورم کی مستقبل کی سمت پر خیالات کا تبادلہ کیا۔ ڈاکٹر سنگھ نے انڈو پیسیفک، دہشت گردی کے خطرے، سمندری ڈومین میں یو این سی ایل او ایس کی اہمیت اور سائبر سیکورٹی سے متعلق ہندوستان کا نقطہ نظر پیش کیا۔

آسیان علاقائی فورم کے وزراء نے نوجوانوں، امن اور سلامتی (وائی پی ایس) کے ایجنڈے کو فروغ دینے کے حوالے سے ایک مشترکہ بیان اپنایا۔

بھارت میری ٹائم سیکورٹی، انسداد دہشت گردی، انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز (آئی سی ٹی)، آفات سے نجات وغیرہ معاملات پر آسیان علاقائی فورم کی سرگرمیوں اور اقدامات میں فعال طور پر مصروف ہے۔ 2021 میں، بھارت نے اقوام متحدہ کے کنونشن برائے سمندر کے قانون (UNCLOS) پر عمل درآمد کے حوالے سے آسیان علاقائی فورم ورکشاپ کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ 2021-22 کے دوران، بھارت میری ٹائم سیکیورٹی پر اے آر ایف انٹر سیشن میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کرے گا، اور انٹرنیشنل شپ اینڈ پورٹ فیسیلیٹی سیکورٹی کوڈ (آئی ایس پی ایس کوڈ) پر ایک ورکشاپ کا انعقاد کرے گا۔

نئی دہلی

06 اگست، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.